# ALL PAKISTAN CLERKS ASSOCIATION
## (APCA) SHAHEED SAAQI PAKISTAN

CENTRAL PRESIDENT
Mr. SAJJAD SARAIKI
Office of the District Education Officer
Usman Jogezai Street Masjid Road Quetta
Cell: 0331-9383068

Central Head Office Quetta, Balochistan

CENTRAL SECRETARY GENERAL
Mr. MEERAL ALTAF BHURGRI
Office of the District Education Officer
(Academia & Training)
T/Workshop Kotri Distt Jamshoro
Cell: 0300-3049882



In Accordance with the Article 17 (1) of Constitution of the Islamic Republic of Pakistan & Recognized by the Government of Pakistan Cabinet Secretariate (Establishment Division Vide No. 16/17/72-F-1915) 12 1972 & No. 16117/72-D-F1 Dated 09-04-1974 Islamabad.


Ref# APCA/SS/CEB/786/(7-9/75)/ 12-13 of/2025 Dated: 29TH JULY 2025

| | |
|---|---|
| **بخدمت جناب سید مراد علی شاہ صاحب**<br>**وزیر اعلئ سندھ, کراچی۔** | **بخدمت جناب کامران خان ٹسوری صاحب,**<br>**گورنر سندھ , گورنر ہائوس کراچی** |
| **بخدمت جناب سید آصف حیدر شاہ صاحب**<br>**چیف سیکریٹری سندھ, کراچی** | **بخدمت جناب**<br>**سیکریٹری خزانہ , حکومت سندھ کراچی** |

**عنوان:- ڈسپیئرٹی رڈکشن الائونس جولائی 2025 سے اور گروپ انشورنس اور بہبود فنڈ کی رقم <u>ریٹائرمنٹ کے وقت یکمشت ادائگی کرنے کیلئے احکام جاری کئے جائیں۔</u>**

**جناب اعلئ**

جناب اعلئ سندھ کے تمام ملازمین کا مشترکہ مطالبا ہےکہ تنخواہوں میں جولائی 2025 سے 50% فیصد اضافہ گیا جائے جس میں گریڈ 1 تا 22 کے ملازمین کو DRA ڈسپیئرٹی رڈکشن الائونس 38% فیصد اور اعلان کردہ 12% بلاتفریق دیا جائے اور مہنگائی کے تناسب سے پینشن میں کم سے کم اضافہ کرنے اور محنت کش مزدور کی اجرت کم سے کم 50 ہزار کی منظوری دی جائے کیوں کہ مہنگائی, بجلی اور گیس کے بلوں پر بھاری ٹیکس لاگو ہیں جس کی وجہ سے عام محنت کش مزدور اور ملازمین طبقہ مالی طورپرسخت مشکلات کا شکار ہیں اور یہ مطالبا پاکستان پیپلزپارٹی کی قیادت خود کررہی ہے محنت کش مزدور تنخواہ 50 ہزار روپیہ اور ملازمین کو مراعات 50% فیصد تنخواہوں میں اضافہ دیا جائے۔

**اگر ملازمین کو وفاقی حکومت کی طرز پر رلیف نہیں دیا گیا تو تیسرے مرحلہ میں ملازمین کی نمائدہ تنظیموں نے احتجاج کا پلان کیا ہے جبکہ ہم احتجاج نہیں یوم تشکر منایا چاہتے ہیں –**

جناب اعلی محکمہ فنانس سندھ اور دیگر محکمہ جات میں التوا میں پڑے ہوئے دیگر مسائل کے حل کیلئے بھی احکامات جاری کئے جائیں۔

(1) سندھ بھر کے کلاس چھارم گریڈ 1 تا 4 کو سیکریٹریٹ طرز پر ٹائیم اسکیل دیا جائے۔
(2) کالیج ایجوکیشن کے لئبارٹری اسسٹنٹ کو اپگریڈیشن یا اسکول ایجوکیشن طرز پر ٹائیم اسکیل دیا جائے .
(3) اسکول ایجوکیشن سندھ میں سپرنٹینڈنٹ گریڈ 17 کو بلاک کیڈر میں شامل کرکے 50%فیصد اکائونٹس آفیسر کےحق سے محروم کیا گیا ہے۔
(4) مرنے کا شرط ختم کرکے بلوچستان حکومت کی طرز پر تمام ملازمین کو ریٹائرمنٹ وقت گروپ انشورنس اور بہبود فنڈ کی رقم یکمشت ادا کی جائے. ہائوس رینٹ ہائوس ہائرنگ کے برابر اور میڈیکل کارڈ سب کیلئے منظور کیا جائے – پیٹرول کی قیمتوں کو مد نظر رکھتے ہوئے کنوینس الائونس میں اضافہ کیا جائے۔
(5) التوا میں پڑے فوتی کوٹہ کی بھرتی کیلئے تمام درخواستوں کو منظور کرکے بیروزگار نوجوانوں کو روزگار دیا جائے۔
(6) ملازمین کو پینشن کا حق بحال کیا جائے جولائی 2024 سے نئے بھرتی ملازمین کی تنخواہوں سے کمیوٹیشن و پینشن کنٹریبیوشن کی کٹوتی بند کی جائے۔

(7) سندھ بھر کے خزانہ آفیسرز کو پاپند کیا جائے کہ ریٹائرڈ اور فوتی ملازمین کی پینشن یا فیملی پینشن اور کمیوٹیشن یا گریجوئٹی اور لیوانکیشمنٹ کے بل کی ادائگی اور GPF Final Payment کی ادائگی بغیر رشوت اور آسان طریقہ کار کی تحت کی جائے

(8) منظور شدہ سمری جس میں مختلف کیڈرز کو ٹائیم اسکیل کی منظوری فروری 2019 میں جناب وزیر اعلئ سندھ دی تھی مگر محکمہ خزانہ سندھ کا دفتراس فائیل کو الماریوں کی زینت بنا کر بند کردیا ہے منظور شدہ سمری کو بے اثر کرنے کی ناکام کوشش کی گئی ہے اسکا جلد نوٹیفکیشن جاری کیا جائے اور مختلف ملازمین کو رلیف مل سکے

Ref# APCA/SS/CEB/786/(7-9/75)/ 12-13 of/2025 Dated: 29TH JULY 2025

(i) منظور شدہ سمی تفصیل مندرجہ ذیل چارٹ میں پیش کیا جاتا ہے

| SR# | Nomenclature of Post with BPS | BPS | Proposed BPS to be allowed after completion of requisite Service | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| Category-I | | | 05 Years | 12 Years | 19 Years | 27 Years |
| 1 | Cashier | 7 | 08 | 09 | 10 | 11 |
| | | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 |
| 2 | Accounts Clerks | 8 | 09 | 11 | 12 | 12 |
| | | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 |
| | | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 |
| 3 | Shop Assistant | 6 | 07 | 08 | 09 | 10 |
| | | 7 | 08 | 09 | 10 | 11 |
| 4 | Cataloger | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 |
| 5 | Record Keeper | 7 | 09 | 09 | 10 | 11 |
| | | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 |
| 6 | Store Keeper | 5 | 06 | 07 | 08 | 09 |
| | | 7 | 08 | 09 | 10 | 11 |
| | | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 |
| Category-II | | | After 05 Years | After 12 Years | | |
| 7 | Accounts Officer / Accountant | 16 | - | 17 | | |
| | | 17 | - | 18 | | |

(9) وفاقی حکومت کی طرز پر گریڈ 1 تا 16 کے دفتری , ٹیکنیکل اور نان ٹیکنیکل اسٹاف و ملازمین کو ٹائیم اسکیل دیا جائے- یہ رلیف ملازمین کو پہلی جنوری 2023 سے وزارت خزانہ, وفاقی حکومت اسلام آباد آفس میمورنڈم حوالہ F.No.9 (7)R-I/2014-62/2023 تاریخ 14 فروری 2023 کے تحت دیا ہے مگر صوبائی حکومت سندھ کے ملازمین اس رلیف سے محروم رکھا ہے یہ بڑی ناانصافی ہے-

(10)

جناب اعلیٰ آپ بخوبی واقف ہیں کہ صوبہ میں ملازمین کی مراعات میں دوہرہ معیار قائم ہے سیکریٹریٹ , عدالت عالیہ و دیگر دفاتر کے ملازمین کو100%-300 فیصد (تین گنا بیسک پی تک ) کی مراعات حاصل ہیں جبکہ ملک ایک ہے آئین پاکستان ایک ہے سکہ ایک ہے رہن و سہن ایک جیسا ہے تو تنخواہوں اور ملازمین کی مراعات میں تفریق کیوں ؟ ملازمین کی نمائندہ تنظیموں کا مطالبا ہے اسکا مکمل خاتمہ کیا جائے جس کی وجہ سے صوبہ بھر کے ملازمین احتجاج پر مجبور ہوتے ہیں- ملازمین کی اکثریت نہیں چاہتی کہ سڑکوں پر احتجاج کریں مگر مہنگائی اور ٹیکسز کا بوجھ بھی ملازمین کی بیچینی کا سبب ہے , آئین پاکستان میں مساوی حقوق کے متعلق دی گئی شق پر عملدرآمد کراتے ہوئے برابری کی بنیادوں پر رلیف دیا جائے-

وسلام

آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن

Web www.apcapk.com

( ایم اے بھرگڑی )
مرکزی سیکریٹری جنرل

Ref# APCA/SS/CEB/786/(7-9/75)/ 12-13 of/2025 Dated: 29TH JULY 2025

کاپی برائے اطلاع جناب سیکریٹری امپلیمینٹیشن , سروسز جنرل اینڈ کوآرڈ ینیشن ڈ پارٹمنٹ حکومت سندھ
کاپی برائے اطلاع جناب سیکریٹری اسکول ایجوکیشن اینڈ لٹریسی ڈپارٹمنٹ , / کالیج ایجوکیشن محکمہ, حکومت سندھ کراچی .

29/7/2025

( ایم اے بھرگڑی )
مرکزی سیکریٹری جنرل